قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّاهَا

یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے پاک کیا نفس کو، اور یقیناً نامراد ہوگیا وہ جس نے خاک میں ملایا اس کو۔

اَلشَّمْسِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمَنِ الرَّحِیمِ

---

1. قسم ہے سورج کی اور اسکی دھوپ چڑھنے کی،
2. اور چاندکی جب آئے اسکے (سورج) پیچھے،
3. اور دن کی جب اسکو روشن کرے،
4. اور رات کی، جب اس کو ڈھانپ لے،
5. اور آسمان کی، اور جیسا اسکو بنایا،
6. اور زمین کی، اور جیسا اسکو پھیلایا،
7. اور جی (نفسِ انسانی) کی، اور جیسا اسکو ٹھیک بنایا،
8. پھر سمجھ دی اسکو ڈھٹائی (بدی) کی، اور بچ چلنے (پرہیزگاری) کی۔
9. مراد کو پہنچا جس نے اسکو سنوارا۔
10. اور نامراد ہوا، جس نے اسکو خاک میں ملایا۔

11. جھٹلایا ثمود نے اپنی شرارت سے،
12. جب اُٹھ کھڑا ہوا ان میں بڑا بدبخت۔
13. پھر کہا انکو اللہ کے رسول نے خبردار ہو اللہ کی اونٹنی سے اور اسکے پینے کی باری سے!

---

14. پھر انہوں نے اسکو جھٹلایا، پھر وہ کاٹ (ہلاک کر) ڈالی،
پھر الٹ مارا ان پر انکے رب نے (بسبب) انکے گناہ سے، پھر برابر کر دیا۔

15. اور وہ نہیں ڈرتا کہ پیچھا کریں گے۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com